# SCHOOL BASED ASSESSMENT 2024-25

**Mid-Term**

## Social Studies Grade 4

**School Name:** ____________________

## ANSWER KEYS

| | | |
|---|---|---|
| Q. No.1 : d | Q. No.2 : a | Q. No.3 : d |
| Q. No.4 : d | Q. No.5 : a | Q. No.6 : a |
| Q. No.7 : a | Q. No.8 : b | Q. No.9 : b |
| Q. No.10 : c | | |

## ANSWERS / RUBRICS

**Question No: 11**

سوال نمبر 11

**a ) Write a Short note on Allahabad Address 1930. (Marks 05)**

خطبہ الٰہ آباد 1930ء پر مختصر نوٹ تحریر کریں۔(نمبر 05)

آیئم روبرک (اردو):

طالب علم اگر مکمل درست جواب لکھتا ہے تو پورے پانچ نمبر دیں، جزوی طور پر درست لکھتا ہے تو ایک تا چار نمبر دیں اور غلط یا غیر متعلقہ لکھنے پر صفر نمبر دیں۔

نمونے کا جواب:

دسمبر 1930ء میں الہ آباد کے مقام پر مسلم لیگ کا اجلاس ہوا جس کی صدارت علامہ محمد اقبالؒ نے کی۔ اپنے صدارتی خطبہ میں آپ نے برصغیر میں ایک الگ ریاست کا تصور پیش کیا جو بعد میں قیامِ پاکستان کی بنیاد بنا۔

**Write the three golden principles of Quaid e Azam Muhammad Ali Jinnah (R.A), by following which we can become a developed nation. (Marks 05)**

قائدِ اعظم محمد علی جناحؒ کے تین سنہری اصول لکھیں جن پر عمل کر کے ہم ترقی یافتہ قوم بن سکتے ہیں۔(نمبر 05)

آیئم روبرک (اردو):

طالب علم اگر مکمل درست جواب لکھتا ہے تو پورے پانچ نمبر دیں، جزوی طور پر درست لکھتا ہے تو ایک تا چار نمبر دیں اور غلط یا غیر متعلقہ لکھنے پر صفر نمبر دیں۔

نمونے کا جواب:

قائدِ اعظم محمد علی جناحؒ کے تین سنہری اصول جن پر عمل کر کے ہم ترقی یافتہ قوم بن سکتے ہیں درج ذیل ہیں۔

- ایمان
- اتحاد
- تنظیم

**Question No: 12**

سوال نمبر 12

**a ) Explain that Legend helps to understand a map. (Marks 05)**

وضاحت کریں کہ علامتی فہرست نقشے کو سمجھنے میں مدد دیتی ہے۔(نمبر 05)

آیئم روبرک (اردو):

طالب علم اگر مکمل درست لکھتا ہے تو پورے پانچ نمبر دیں، جزوی طور پر درست لکھتا ہے تو ایک تا چار نمبر دیں اور غلط یا غیر متعلقہ لکھنے پر کوئی نمبر نہ دیں۔
:نمونے کا جواب
نقشے پر ایک فہرست ہوتی ہے، جس میں مختلف علامتوں کے ذریعے نقشے پر مختلف مقامات دکھائے جاتے ہیں۔ رنگوں کو بھی مختلف علامات کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے، جیسے عام طور پر درخت یا جنگل دکھانے کے لیے سبز رنگ کا استعمال کیا جاتا ہے۔ پہاڑ دکھانے کے لیے بھورے رنگ کا استعمال کیا جاتا ہے اور نیلا رنگ پانی کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

**Explain the use of scale in map. (Marks 05)**

نقشہ میں پیمانہ کے استعمال کی وضاحت کریں۔ (نمبر 05)

آیٹم روبرک (اردو):
طالب علم اگر مکمل درست لکھتا ہے تو پورے پانچ نمبر دیں، جزوی طور پر درست لکھتا ہے تو ایک تا چار نمبر دیں اور غلط یا غیر متعلقہ لکھنے پر کوئی نمبر نہ دیں۔
:نمونے کا جواب
زمینی فاصلوں کو نقشہ پر چھوٹے فاصلوں سے نسبت دی جاتی ہے اسے پیمانہ کہتے ہیں۔ مثال کے طور پر دو زمینی مقامات کا درمیانی فاصلہ 6 کلو میٹر ہے۔ ہم ان مقامات کو نقشے پر ظاہر کرنا چاہتے ہیں، لیکن کاغذ پر 6 کلو میٹر جتنا لمبا خط نہیں کھینچا جا سکتا۔ ہم اس فاصلے کو ظاہر کرنے کے لیے ایک خاص نسبت مقرر کریں گے۔ ہم کاغذ پر 1 کلو میٹر کو 1 سینٹی میٹر سے ظاہر کرتے ہوئے یہ فاصلہ دکھا سکتے ہیں۔ اس نسبت سے 6 کلو میٹر کا فاصلہ 6 سینٹی میٹر ہو گا اور نقشے پر ان دونوں جگہوں کا درمیانی فاصلہ 6 سینٹی میٹر سے ظاہر کریں گے۔

**Question No: 13**

---

سوال نمبر 13

---

**a ) Explain the difference between weather and climate. (Marks 05)**

موسم اور آب و ہوا میں فرق بیان کریں۔ (نمبر 05)

آیٹم روبرک (اردو):

طالب علم اگر مکمل درست جواب لکھتا ہے تو پورے پانچ نمبر دیں، جزوی طور پر درست لکھتا ہے تو ایک تا چار نمبر دیں اور غلط یا غیر متعلقہ لکھنے پر صفر نمبر دیں۔
نمونے کا جواب:
کسی خاص جگہ کی مختصر عرصے کی موسمی یا فضائی کیفیت موسم کہلاتی ہیں جبکہ کسی جگہ پر لمبے عرصے تک رہنے والی موسمی کیفیت وہاں کی آب و ہوا کہلاتی ہے۔

**Describe factors that affect climate. (Marks 05)**

آب و ہوا پر اثر انداز ہونے والے عوامل بیان کریں۔ (نمبر 05)

آیٹم روبرک (اردو):
طالب علم اگر مکمل درست جواب لکھتا ہے تو پورے پانچ نمبر دیں، جزوی طور پر درست لکھتا ہے تو ایک تا چار نمبر دیں اور غلط یا غیر متعلقہ لکھنے پر صفر نمبر دیں۔
:نمونے کا جواب
آب و ہوا پر اثر انداز ہونے والے عوامل مندرجہ ذیل ہیں۔

- سطح سمندر سے بلندی
- خط استوا سے فاصلہ
- سمندر سے فاصلہ
- ہواؤں کا رخ